ABC Certified Weekly MASAEL Quetta
مسائل آپ کے اجاگر ہم کرینگے
ہفت روزہ مسائل کوئٹہ
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
ڈپٹی ایڈیٹر غضنفر محمد کھیتران
03136823946
masaelqta@gmail.com
www.weeklymasaelquetta.com
جلد نمبر 23 | یکم جولائی تا 7 جولائی 2020ء | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 25

نظریہ نہیں چھوڑنا چاہیے کرسی آنی جانی چیز ہے

نواز شریف کی جعلی دستاویز سپریم کورٹ میں پکڑی گئیں مجھے کہا گیا کہ چینی مافیا کو مشرف کنٹرول نہیں کر سکا زرداری اور نواز شریف کی شوگر ملز کالے دھن کو سفید کرنے کیلئے بنائی گئیں

اپوزیشن کی باتوں کا مائنڈ نہیں کرتا چھ سات لوگ این آر او لینا چاہ رہے ہیں مگر میں کبھی بھی این آر او نہیں دوں گا یہ جمہوریت پسند لوگ نہیں انہوں نے جمہوریت کو بدنام کیا ہے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (مسائل نیوز) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کرسی آنی جانی والی چیز ہے، نظریہ نہیں چھوڑنا چاہیے، اگر مائنس ہو بھی گیا تو پیچھے آنے والے انہیں نہیں چھوڑیں گے، ملک کا سربراہ پیسہ چوری کر کے باہر لے کر جا رہا تھا ایک صاحب کہتے میاں صاحب فکر نہ کرو، لوگ جلدی بھول جائینگے، نواز شریف کی جعلی دستاویز سپریم کورٹ میں پکڑی گئیں، مجھے کہا گیا چینی مافیا کو مشرف کنٹرول نہیں کر سکا، پرویز مشرف کی حکومت بری نہیں تھی، این آر او دیا وہ ٹھیک نہیں تھا، بڑی بڑی اجارہ داریاں بنی ہوئی ہیں، جگہ جگہ شوگر کارٹل کی طرح کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

پاکستان سارک تنظیم کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور اس کے چارٹر پر قائم ہے، وزیراعظم

افتخار علی ملک کا سارک چیمبر کے عہدے پر فائز ہونا ملک کیلئے اعزاز ہے، عمران خان

لاہور (مسائل نیوز) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان سارک تنظیم کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور وہ اس کے چارٹر کے اصولوں اور مقاصد پر قائم ہے۔ افتخار علی ملک کے نام اپنے پیغام میں وزیراعظم عمران خان نے ا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

8 منصوبے پر ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کر دیا گیا، عاصم سلیم باجوہ

کوئٹہ (مسائل نیوز) چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اصل سی پیک بلوچستان ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال

سی پیک میں بلوچستان کی اہمیت کو جتنی جلدی تسلیم کر لیا جائے ملک کیلئے فائدہ ہوگا

کوئٹہ (مسائل نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اصل سی پیک بلوچستان ہے جو چمن سے افغانستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں تک اور ایران اور ترکی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

جعلی ڈومیسائل کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کرینگے

حکومت کا جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کا فیصلہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے کیوں کہ اس سے پہلے کسی بھی حکومت نے جعلی ڈومیسائل کے مسئلہ کو سنجیدگی سے نہیں لیا

تمام ڈپٹی کمشنرز جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ہونے والے ملازمین کی تصدیق کر کے رپورٹ جلد صوبائی حکومت کے حوالے کریں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت

کوئٹہ (مسائل نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے تمام ڈی سیز کو ہدایت کی ہے کہ جعلی ڈومیسائل سے بھرتی ہونیوالے ملازمین کی تصدیق کر کے رپورٹ جلد صوبائی حکومت کے حوالے کرے حکومت یہاں کے لوکل اور اصل ڈومیسائل کو روزگار دینے کیلئے کوشاں ہے جعلی ڈومیسائل کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کرینگے پہلی مرتبہ ہے کہ حکومت اس طرح غیر قانونی اقدامات کیخلاف بھرپور کارروائی کر رہی ہے' یہ بات انہوں نے بلوچستان کے کوٹے پر وفاقی اداروں میں ملازمت کرنے والوں کے جعلی ڈومیسائل منسوخ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ڈومیسائلوں کی اسکروٹنی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے کوٹہ پر وفاقی اداروں میں ملازمت کرنیوالوں کے جعلی ڈومیسائل منسوخ کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت کا جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کا فیصلہ اپنی نوعیت کا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اپوزیشن نے احتساب سے توجہ ہٹانے کیلئے شوشہ چھوڑا ہے، شبلی فراز

بیوروکریسی میں جیسے تیزی سے تعیناتیاں ہوئی ایسی نہیں ہونی چاہیے، وزیراطلاعات

ماضی میں میرٹ کو نظر انداز اور من پسند افراد کو تعینات کیا گیا، ماضی کی من پسند تعیناتیوں کی وجہ سے ادارے تباہ ہوئے

اسلام آباد (مسائل نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں نئی تعیناتی کا جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیس سے تعلق نہیں، اپوزیشن نے احتساب (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

صوبائی حکومت کی بدنیتی اور کرپشن کا پول ساری دنیا کے سامنے کھل گیا ہے نواب رئیسانی

ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ بیوروکریسی کے کچھ اہلکار اور زمیندار ان بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنوں کا کردار ادا کر رہے ہیں جو انتہائی خطرناک عمل ہے

ہمارا جمہوری احتجاج جاری ہے کیونکہ وزیراعلیٰ سے خیر کی کوئی توقع نہیں ہے اور نہ ہی یہ حکومت جمہوری روایات، سیاسی اور معاشرتی اقدار سے روشناس ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر نصر اللہ خان زیرے نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی بددیانتی، بدنیتی اور کرپشن کا پول ساری دنیا کے سامنے کھل گیا ہے تمام انتظامیہ دروازوں (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

مستونگ لوکل/ڈومیسائل پر بھرتی 400 (چار سو) ملازمین کے غیر مصدقہ لوکل/ڈومیسائل منسوخ کر دیئے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد نے بلوچستان کوٹے پر وفاقی محکموں میں ضلع مستونگ کے لوکل/ڈومیسائل پر بھرتی 400 (چار سو) ملازمین کے غیر مصدقہ لوکل/ڈومیسائل منسوخ کر دیئے۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

صوبہ بلوچستان میں جاری منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے، صادق سنجرانی

کم ترقی یافتہ علاقوں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں لانے کیلئے روڈ کا نیٹ ورک ضروری ہے

اسلام آباد (مسائل نیوز) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ معیار زندگی میں تبدیلی لانے کے لئے بہتر مواصلاتی نظام انتہائی اہم ہے، کم ترقی یافتہ علاقوں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں لانے کیلئے روڈ کا نیٹ ورک ضروری ہے۔ صوبہ بلوچستان میں جاری منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو صوبہ بلوچستان میں جاری منصوبوں پر چیئرمین این ایچ اے کیپٹن (ر) سکندر رقیوم نے بریفنگ دی اور این ایچ اے کے منصوبوں پر پیش (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اٹھارہویں ترمیم سے چھیڑ چھاڑ وفاق پر حملہ ہوگا، آصف زرداری

5 جولائی 1977 کو آمر نے پہلی جمہوری حکومت پر شب خون مارا، سابق صدر مملکت

کراچی (مسائل نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے 5 جولائی کو یوم سیاہ منایا گیا۔ یوم سیاہ پر اپنے پیغام میں سابق صدر پاکستان آصف علی زرداری نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو، شہید جمہوریت بینظیر بھٹو سمیت ان تمام سیاسی کارکنوں، طلبہ، مزدوروں اور صحافیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے جعلی ڈومیسائل کی از سر نو تصدیق اچھی پیشرفت ہے

تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ہونیوالے ملازمین کیخلاف تحقیقات کر کے ان کو برطرف کیا جائے' امان اللہ خان یاسین زئی

تمام اضلاع میں جعلی ڈومیسائل کے اجرا کو روکنے کے مسئلے کو سنجیدہ لیا ہے کیوں کہ وفاق میں بلوچستان کے کوٹہ پر مقامی افراد کی تعیناتی کو یقینی بنانیکی ضرورت ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ہونیوالے ملازمین کیخلاف تحقیقات کر کے ان کو برطرف کیا جائے' جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کے حوالے سے گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں جعلی ڈومیسائل کے اجرا کو روکنے کے مسئلے کو سنجیدہ لیا ہے کیوں کہ وفاق میں بلوچستان کے کوٹہ پر مقامی افراد (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کچھ قوتیں پاکستان میں استحکام نہیں دیکھنا چاہتیں، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (مسائل نیوز) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کچھ قوتیں پاکستان میں استحکام نہیں دیکھنا چاہتیں، جب ہم کشمیر کے مسئلے کو اٹھاتے ہیں بھیشت کو آگے بڑھانے لگتے ہیں تو یہی قوتیں عدم استحکام کیلئے حرکت میں آجاتی ہیں اور ہی پیک پر انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

عوام کو زیادہ سے زیادہ زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہم کرینگے، ضیاء لانگو

عوامی مفادات کیلئے جاری اسکیمات جلد از جلد پایا تکمیل تک پہنچایا جائے گا

کوئٹہ (مسائل نیوز) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ قلات میں شہری سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں میں کام کی پیش رفت پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ آپس میں مل بیٹھ کر قلات میں تمام شہری سہولیات کی فراہمی اور اس سلسلے میں ٹھوس پیش رفت کو یقینی بنانے کیلئے ایک مربوط لائحہ عمل ترتیب دے کر پیش کریں۔ وہ بدھ کے روز اپنے دفتر میں ایکسین بی اینڈ آر سے ملاقات میں شہری سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں پیشرفت (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

شیخ رشید نے سردار اختر مینگل اور مینگل قبیلے کی توہین کی ہے

آغا حسن بلوچ | سلام بھوتانی

مینگل صاحب ہمارے لیے قابل احترام ہیں بلوچستان اور پورے پاکستان کے سیاسی رہنما ہمارے لیے قابل احترام ہیں ہمیں آپس کی لڑائیوں سے آگے نکلنا چاہیے، فواد چوہدری

ایک وزیر اصلاحات جبکہ دوسرا وزیر فسادات کی بات کرتا ہے، بجٹ پاس ہو گیا ہے حکومت ٹڈی دل پر توجہ دے اس حوالے سے دو ماہ کافی اہم ہیں، قومی اسمبلی میں ارکان کا خطاب

اسلام آباد (مسائل نیوز) قومی اسمبلی میں اپوزیشن اراکین نے کہا ہے کہ ناکوکس کیلئے سپلیمنٹری گرانٹس مانگ لی ہے، ان کی کارکردگی کیا ہے، صرف ایک راناثناء اللہ پر کیس بنایا ہے، ضمنی بجٹ میں اعداد و شمار جعلی ہیں، پانچ کھرب چالیس ارب کی سپلیمنٹری گرانٹس پیش کر دی گئیں، مطالب (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

اسلام آباد (مسائل نیوز) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ بجٹ پاس ہونے کے بعد ہمیں مو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

بلوچستان حکومت نے سینڈک لیز کی مدت میں توسیع نہیں کی، لیاقت شاہوانی

سینڈک لیز کی مدت 2025 کو ختم ہوگی سینڈک لیز کی مدت میں توسیع کیلئے کوئی درخوست موصول نہیں ہوئی

کوئٹہ (مسائل نیوز) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے سینڈک لیز کے معاہدے کی خبر کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے سینڈک لیز کی مدت میں توسیع نہیں کی سینڈک لیز کی مدت 2025 کو ختم ہوگی سینڈک لیز کی مدت میں توسیع کیلئے کوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

بجٹ پاس ہونے کے باوجود سول سیکرٹریٹ میں وزراء کی غیر حاضری بدستور جاری

کوئٹہ (مسائل نیوز) بجٹ پاس ہونے کے باوجود سول سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء کی غیر حاضری بدستور جاری ہے صوبائی وزراء نہ ہونے کی وجہ سے دور دراز علاقوں سے آ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ آئی جی پولیس محسن حسن بٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کو ایک انقلابی اور جدید پی ایس ڈی پی کی ضرورت ہے، ثنا بلوچ

آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ سے رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان ثناء بلوچ کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

بلوچستان میں ماہی گیری کا شعبہ انتہائی زبوں حالی کا شکار ہے غیر قانونی ٹرالروں کیساتھ اب رجسٹریشن اور سالانہ تجدیدی فیس 5 سو روپے سے بڑھا کر 25 ہزار کر دیا

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ پہلے ہی واضح کیا تھا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

کوئٹہ (مسائل نیوز) رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ سے کوئٹہ میں ان کے آفس میں ملاقات کی ثناء بلوچ نے کہا کہ ہم نے آئی جی پولیس کو رخشان ڈویژن میں ڈی آئی جی کی تعیناتی، پی سی ایچ کے اہلکاروں کے مسائل خاران اور سرخاران تحصیل مسکان (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

مائنس عمران سے جمہوریت مائنس نہیں ہوگی، حافظ حسین احمد

کوئٹہ (مسائل نیوز) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات سابق ممتاز پارلیمنٹیرین و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ مائنس عمران خان سے جمہوریت ما (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وحدانیت کیلئے سیاست انسانیت کی مفاد میں ہے' مولانا شیرانی

ظالم بادشاہ کے سامنے حق کی بات کرنا سب سے افضل جہاد ہے، جماعت پر جعلی رکن سازی کے ذریعے قیادت مسلط ہے

ژوب (مسائل نیوز) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، سابق اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ وحدانیت کیلئے سیاست انسانیت کی مفاد میں ہے مغربی دنیا میں جھوٹ نہیں بولا جاتا مگر جھوٹ کو انسان کا پرکھا جاتا ہے معاشرے میں سر (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

آن لائن کلاسز طالبات کو کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جمال مندوخیل

اب بھی مزید سہولیات سے آراستہ کرنے کی ضرورت ہے، طلباء کی اکثریت آن لائن کلاسز اور مطلوبہ لیکچرز ڈاؤن لوڈ کر کے اس سے استفادہ کر چکے ہیں

ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندے اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو مدعو کیا جائے اجلاس کو اگلے ہفتے تک طلب ہونی چاہیے

کوئٹہ (مسائل نیوز) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ آن لائن کلاسز کے حوالے سے جلد از جلد ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کریں جس میں سیکرٹری انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن، سیکرٹری ایجوکیشن اسکولز تمام صوبے کی تمام یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز بمعہ رجسٹرارز، ہائیر ایجوکیشن (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کوئٹہ' گرمی میں اضافہ' بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا

گرمی کی شدت میں اضافہ ہونے کیساتھ بجلی کی لوڈشیڈنگ میں نہ صرف اضافہ بلکہ آنکھ مچولی بھی جاری ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت | بلوچستان کے دیگر علا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

چکلاک میں درپیش مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، شاہینہ کاکڑ

چکلاک میں بجلی کے صارفین لوڈشیڈنگ اور ووٹیج میں کمی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں

کوئٹہ (مسائل نیوز) عوامی نیشنل پارٹی کے رکن | صوبائی اسمبلی شاہینہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

عدالت اپوزیشن ارکان اسمبلی کو انصاف پر فیصلہ دینگے سکندر ایڈووکیٹ

حکومت کے پی ایس ڈی پی کے حوالے سے جانبداری عوام کے سامنے آ گیا عدالت نے ہماری درخواست منظور کر کے حکومتی ارکان کو طلب کر دیا' اپوزیشن لیڈر

عدالت نے ہماری درخواست منظور کرتے ہوئے حکومت وقت کو طلب کر لیا امید ہے کہ عدالت انصاف پر مبنی اور عوام کے مفاد کیلئے فیصلہ کرینگے' خصوصی بات چیت

کوئٹہ (مسائل نیوز) اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کے پی ایس ڈی پی کے حوالے سے جانبداری عوام کے سامنے آ گیا عدالت نے ہماری درخواست منظور کر کے حکومتی ارکان کو طلب کر دیا امید ہے کہ عدالت انصاف دیگر اپوزیشن جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی کو انصاف پر مبنی فیصلہ دینگے' یہ بات انہوں نے میڈیا سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی' (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ملاقات کر رہے ہیں

عوام خط غربت سے بھی نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں مولانا حیدری

ملک کی معیشت کو زیرو پوائنٹ پر لانے والوں کا ملک چھوڑنے کا وقت آن پہنچا ہے مہنگائی کے طوفان سے قوم کی سانس رک گئی ہے

نااہل حکمرانوں کی وجہ سے ملک کی حالت اتنی ناگفتہ بہ ہو چکی ہے کہ اس سے سنبھالنا کسی کے بس میں نہیں جی ڈی پی گروتھ زیرو ہو چکا ہے

کراچی (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے ملک کی معیشت کو زیرو پوائنٹ پر لانے والوں کا ملک چھوڑنے کا وقت آن پہنچا ہے مہنگائی کے طوفان سے قوم کی سانس رک گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی پاکستان کے سابق امیر منور حسن اور جامعہ بنوریہ کے مہتمم مولانا مفتی محمد نعیم کی وفات پر تعزیت کے موقع ان کے صاحبزادوں اور جمعیت علماء اسلام کے کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جمعیت علماء اسلام سندھ کے نائب امیر مولانا عبدالکریم عابد قاری محمد عثمان حافظ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات شبلی فراز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خدمت خلق ایک مقدس جذبہ ہے نعمت ظہیر

جس کی تحریک کیلئے کسی رہبر کی ضرورت نہیں پڑتی، یہ تو دل کا سودا ہے اور رضا کارانہ طور پر کیا جاتا ہے، چیئرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن

بیوہ' یتیم' نادار' مفلس اور معذور افراد وہ لوگ ہیں جن کے طفیل' اللہ تعالیٰ ہمیں رزق دیتا ہے، نوازتا ہے' برکت اور رحمت نازل کرتا ہے

لندن (نمائندہ خصوصی) خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے بانی اور تمغہ امتیاز نعمت اللہ ظہیر نے اپنے ایک اخباری بیان کہتے ہوئے کہا کہ بیوہ' یتیم' نادار' مفلس اور معذور افراد وہ لوگ ہیں جن کے طفیل' اللہ تعالیٰ ہمیں رزق دیتا ہے۔ نوازتا ہے' برکت اور رحمت نازل کرتا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

میٹروپولیٹن کارپوریشن کا کوئٹہ میں بلڈنگ کوڈ اور تجاوزات کیخلاف کارروائی شروع

کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کے سامنے تھڑے اور شیڈ مسمار کر دیئے اور عمارت سیل کر دی گئی

کوئٹہ (مسائل نیوز) میٹروپولیٹن کارپوریشن نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بلڈنگ کوڈ اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کے سامنے تھڑے اور شیڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

نصیر آباد، چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

حصول علم میں معاونت فراہم کرنے کیلئے فنڈ کا قیام عمل میں لایا جائیگا' لشکری رئیسانی

کتاب دوست تحریک کا مقصد صوبے کی موجودہ اور آئندہ نسلوں کو کتاب اور تعلیم کی جانب راغب کرنا ہے تاکہ وہ ایک باعزت اور باوقار زندگی گزار سکیں

پاکستان، خلیج اور دیگر ممالک میں آباد صوبے سے تعلق رکھنے والے افراد سے رابطہ میں ہیں تاکہ ایک خصوصی فنڈ کا قیام عمل میں لایا جائے

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان پیس فورم کے چیئرمین نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نادار طلباء و طالبات کو حصول علم میں معاونت فراہم کرنے کیلئے حکمت عملی وضع کر رہے ہیں اس سلسلے میں ایک خصوصی فنڈ کا قیام عمل میں لایا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

حکومتی پالیسیوں کی بدولت عوام مثبت تبدیلی محسوس کر رہے ہیں' خرم شہزاد

وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت صوبائی کابینہ اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کر رہی ہیں

سبی (مسائل نیوز) سابق صوبائی وزیر اطلاعات نشریات بلوچستان ملک خرم شہزاد نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی خوشحالی اور امن و امان کی بہترین کیلئے موجودہ حکومت ٹھوس (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

وفاقی کابینہ نے جعلی ڈگری والے پائلٹس کی مکمل تفصیلات مانگ لیں

اسلام آباد (مسائل نیوز) وفاقی کابینہ نے جعلی ڈگری والے پائلٹس کی مکمل تفصیلات مانگ لیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

طعنے دینے سے کسی کا سیاسی قد نہیں بڑھتا، ظہور بلیدی

کوئٹہ (مسائل نیوز) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ طعنے دینے سے کسی کا سیاسی قد نہیں بڑھتا حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

اپوزیشن کسی صورت ظالمانہ بجٹ کو تسلیم نہیں کریگی، یعقوب ناصر

پی ایم ایل این اور دیگر اتحادی جماعتوں نے اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے سامنے اپنا احتجاج ریکارڈ کرانا شروع کر دیا ہے

لورالائی (مسائل نیوز) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

ہفت روزہ مسائل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد اسحاق نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر ہفت روزہ مسائل کوئٹہ آرٹ سکول روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر: 081-2822725
چیف رپورٹر: نثار محمد کھیتران

آپ بھی لکھ سکتے ہیں
سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر مگر جامع تحریریں صاف ستھرے انداز میں ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبارات کی زینت بنائیں گے۔
(ادارے کا کالم نگاروں اور مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں ادارہ)
رابطہ نمبر: 03327805820
واٹس ایپ: 03136823946
Email: masaelqta@gmail.com

سی پیک اور بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اصل سی پیک بلوچستان ہے جو چمن سے افغانستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں تک اور ایران اور ترکی کے راستے یورپ تک رسائی کا واحد ذریعہ ہے، درحقیقت بلوچستان مواقعوں کی سرزمین اور گیم چینجر صوبہ ہے، طویل ساحل، معدنیات، ماہی گیری اور سیاحت کے شعبے اور تاپی گیس پائپ لائن کا منصوبہ بلوچستان کی اہمیت میں اضافہ کرتے ہیں، سی پیک میں بلوچستان کی اہمیت کو جتنی جلدی تسلیم کرلیا جائے ملک کے لئے فائدہ ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں محکمہ جنگلات وجنگلی حیات، ماحولیات، سیاحت ومیوزیم، بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ترقیاتی ودیگر امور کا جائزہ لیا گیا، صوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ، پارلیمانی سیکریٹری برائے جنگلات سردار مسعود خان لونی، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی وترقیات عبدالرحمٰن بزدار، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، سیکریٹری خزانہ، سیکریٹری جنگلات، سیکریٹری ماحولیات، سیکریٹری ماہی گیری اور ڈی جی بی سی ڈی اے سمیت دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی، وزیراعلیٰ نے متعلقہ محکموں کی جانب سے ترقیاتی امور پر دی گئی بریفنگ کے حوالے سے کہا کہ ماضی کے برعکس موجودہ حکومت عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہوئے بھرپور دلچسپی کے ساتھ ہر سیکٹر میں ترقیاتی کام کرنا چاہتی ہے، جس کے لئے محکموں کو مکمل اختیار بھی دیا گیا کہ وہ نئے ترقیاتی منصوبے ترقیاتی پروگرام میں شامل کرائیں تاہم اگر محکمے اس سازگار ماحول کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی کارکردگی بہتر نہیں کرتے تو یہ امر باعث افسوس ہوگا، انہوں نے کہا کہ سول سوسائٹی کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات کا جواب ہمیں دینا ہوتا ہے اور بعض اوقات محکموں کی کمزور کارکردگی کے باعث جواب دینا مشکل ہوجاتا ہے، انہوں نے کہا کہ صرف فیصلے کرکے کاغذی کاروائی تک محدود رہنا کافی نہیں بلکہ ترقیاتی منصوبے زمین پر نظر آنے چاہئیں، محکموں کے سامنے بڑے چیلنجز نہیں ہیں صرف بنیادی امور کی بہتر طریقے سے انجام دہی کی ضرورت ہے بصورت دیگر چھوٹے چھوٹے امور بڑی کوتاہیوں میں بدل جاتے ہیں اور محکموں کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے، وزیراعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں میں ماحولیات کے تحفظ اور ایکوٹورازم جیسے عوامل کو بھی مدنظر رکھنے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایک ایسے طریقہ کار کی ضرورت ہے جس کے تحت ترقیاتی منصوبوں اور پالیسیوں کے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی اثرات کا تجزیہ ممکن ہوسکے جس کی روشنی میں ترقیاتی حکمت عملی کے موثر نتائج مل سکیں، وزیراعلیٰ نے محکمہ جنگلات اور جنگلی حیات کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انتہائی اہم شعبہ ہونے کے باوجود محکمے کی ترجیحات کا تعین نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی نئے مالی سال کے لئے محکمے کی جانب سے ترقیاتی منصوبے تجویز کئے گئے۔

چاغی، منشیات کا گڑھ بن گیا

چاغی میں منشیات کی بڑھتی ہوئی رجحان نے خطرناک صورت اختیار کرلی ہے یہ زہر ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اس حوالے سے انتظامیہ کی چشم پوشی لمحہ فکریہ ہے، تفصیلات کے مطابق چاغی میں نوجوان لڑکے اور جوان تیزی سے منشیات میں مبتلا ہو رہے ہیں جو خوفناک امر ہے جبکہ آجکل منشیات کے خلاف عالمی سطح پر ورلڈ منشیات ڈے منایا جارہا ہیں اور عالمی سطح پر باشعور اقوام منشیات کی لعنت کے خلاف آواز بلند کررہے ہیں۔ منشیات وہ لعنت ہے جس کی وجہ سے گھروں کے چراغ تباہ ہوکر تاریکی میں جارہے ہیں منشیات کی لعنت میں مبتلا عادی افراد کے علاج کیلئے کچھ کرنے کے بجائے ان سے سماجی دوری اختیار کی جاتی ہے جس کی وجہ سے منشیات کی لعنت میں مبتلا نوجوان مزید مایوسی کا شکار ہوکر مزید غلط راستوں پر چل پڑتے ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ منشیات کی لعنت میں مبتلا اپنے پیاروں کو قائل کریں اور انکا علاج کرکے انہیں دوبارہ معاشرہ میں عزت سے جینے میں مدد کریں۔ منشیات کی لعنت کے خلاف حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے اقدامات اٹھانے کے بجائے ان کے کاروبار کی تحفظ کیلئے بھتہ خوری کرتے رہتے ہیں چاغی میں منشیات کے اڈے قائم ہیں۔ چاغی بازار ہوٹلز اور مختلف مقام پر منشیات فروخت کی جاتی انتظامیہ کو منشیات کے یہ اڈے کیوں نظر نہیں آتے۔ منشیات کی لعنت سے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوانوں کی زندگیاں اور گھر تباہ ہورہے ہیں۔ اور یہ سلسلہ روز بروز تیزی سے بڑھ رہا ہیں۔ منشیات کے خاتمے کیلئے سخت کریک ڈاون کی اشد ضرورت ہے اور منشیات کے خلاف عوام میں آگاہی مہم شروع کرنے کی ضرورت ہے۔

تحریر: خلیل خادم

عورت

تحریر: نورین اکبر غوری
آرٹیکل رائٹر مسائل نیوز

ایک ایسی مخلوق جس پر کبھی معاشرے نے انگلی اٹھائی تو کبھی اسکا مداوا کرنے کو کسی دانشور نے ظلم مگر عورت کے مسائل روز اول سے آج تک ویسے ہی ہیں عورت خدا کی بڑی بڑی نعمتوں سے ایک بڑی نعمت ہے عورت دنیا کے خوبصورت چہرہ کی ایک آنکھ ہے اگر عورت نہ ہوتی تو دنیا کی صورت کانی (اندھی) ہوتی عورت بچپن میں بھائی بہنوں سے محبت کرتی ہے شادی کے بعد شوہر سے محبت کرتی ہے ماں بن کر اولاد سے محبت کرتی ہے ہر عورت جتنی بھی کوشش کرے اسے وہ کبھی مقام نہیں مل پایا جسکی وہ حق دار ہوتی ہے عورت کو اب بھی تماشا سمجھا جاتا ہے کیونکہ مرد وہ جگہ نہیں دے رہے جو انکو ملا دی ہے حضرت فاطمہؓ فرماتی ہیں کہ جب ایک عورت گھر میں ہوتی ہے گھر کے کام اور بچوں کی تربیت کررہی ہوتی ہے تو اس وقت وہ اللہ کے سب سے قریب ہوتی ہے عورت کو بس پیار والی زبان سمجھ آتی ہے پیار محبت اور نرمی سے بول کر تو دیکھو وہ اپنا سب کچھ قربان کردے گی ایک عورت کبھی نہیں ٹوٹتی نہ بیوی کے روپ میں نہ بہو کے روپ میں نہ کسی اور روپ میں ٹوٹتی ہے وہ ٹوٹتی ہے تو صرف اور صرف ماں کے روپ میں اسکی ساری عمر کا ارمان اور بھرم اس وقت کرچی کرچی ہوتا ہے جب اسکی اپنی اولاد اسکے سامنے کھڑی ہو برداشت کرنا عورت کی فطرت ہے اگر عورت برداشت نہ کرے بہت کم گھر آباد ہوں نبی پاکؐ کے نزدیک عورت پر ہاتھ اٹھانا اور گالیاں دینا ناپسندیدہ عمل ہے عورت کا خمیر ایسی مٹی سے بنا ہے کہ وہ باہر کی فضا میں جتنی اونچی اڑان بھرلے اسکی روح کو سکون گھر کی چار دیواری میں ہی ملتا ہے عورت محبت ٹوٹ کر کرتی ہے انتظار بھی کرتی ہے بے رخی لاپرواہی سب کچھ برداشت کرتی ہے لیکن عورت جب ایک دفعہ پردہ کرنا چھوڑا دے تو آپ چاہے اس کے قدموں میں گر جائیں وہ پردہ نہیں کرے گی محبت سے کو جیتا نہیں ہے اور نفرت میں عورت کو کوئی ہرا نہیں سکا جو لوگ کہتے ہیں عورت کا کوئی گھر نہیں ہوتا صریحاً غلط کہتے ہیں درحقیقت عورت کے بغیر کوئی گھر نہیں ہوتا عورت رو سکتی ہے دلیلیں پیش کرسکتی ہے اسکی سب سے بڑی دلیل اسکی آنکھ سے ڈھلکا ہوا آنسو ہے عورت کے محرم رشتے اگر اسے پیار اور عزت دیں تو وہ کبھی غیر محرم کی محبت میں گمراہ نہیں ہوتی مرد کا خوش مزاج رویہ عورت کو کبھی بوڑھا نہیں ہونے دیتا تم عورت کی قربانی کی بات کرتے ہو اپنے ماں باپ کو چھوڑ تمہارے پاس آتی ہے کیا تم چھوڑ سکتے ہو اپنا گھر اپنے طور طریقے اپنا رہن سہن ہرگز نہیں یہ تکلیف صرف ایک عورت ہی جانتی ہے ایک بری عورت بے شمار مردوں کو گمراہ کرسکتی ہے لیکن بے شمار مرد ایک نیک عورت کو گمراہ نہیں کرسکتے شادی ناکام کسی بھی وجہ سے ہو کامیاب اکثریت عورت کی وجہ سے ہوتی ہے عورت کبھی نہیں بتائے گی کہ وہ تمہارے بغیر مرجائے گی تمہارے بغیر کچھ نہیں چاہئے اسے عورت ساری عمر پہیلیوں میں ہی بات کرتی آئی عورت کے کردار کی مرد کو کتنی فکر ہوتی ہے اتنی فکر اگر وہ اپنے کردار کی کرے تو کتنی عورتیں بد کردار کہلانے سے بچ جائیں عورت ناز سے گوندھی گئی ہے اور نیاز کی حق دار ہے حضرت عائشہ صدیقہؓ بھی روٹھتی تھیں کہ سرور کائنات محمدؐ منائیں اور منایا جاتا تھا یہ عورت کا حق ہے اور مرد کا فرض ہے محبت کے قرض ایسے لوٹائے جاتے ہیں عورت کو مرد جب اپنی بے رخی اور بے توجہی سے کھو دیتا ہے تو پھر کہتا پھرتا ہے کہ عورت میں وفا نہیں ہوتی کیا سچ میں اسے اپنا وہ رویہ اپنا دھتکارتا ہوا لہجہ یاد نہیں رہتا؟ یا پھر اسکی انا اسے اپنی غلطی ماننے نہیں دیتی۔ اسلام میں دو روٹی اور دو جوڑے کپڑے دینے پر مرد کو عورت پر حاکم قرار نہیں دیا گیا یہ دو روٹی اور دو جوڑے وہ اپنے باپ کے گھر زیادہ عزت اور مان سے لیتی تھی اسلام نے مرد کو عورت کے نان نفقے کے ساتھ ساتھ اسکی عزت اور حرمت کی بھی ذمہ داری دی ہے عورت درد سہ لیتی ہے مگر اپنی توہین نہیں آنسو اسکی تکلیف میں اتنے نہیں نکلتے جتنے اسے وہ الفاظ رلاتے ہیں جس میں اسکی توہین کی گئی ہو شاید اسی لئے لوگ عورت کو کمزور سمجھتے ہیں کیونکہ وہ الفاظوں سے آسانی سے ٹوٹ جاتی جب عورت پردہ کرتی ہے تو وہ حقیقتاً 170 ملین ڈالر کی فیشن انڈسٹری پر لعنت بھیجتی ہے حیا اور وفا جس عورت میں ہو اس عورت سے بڑھ کر کوئی عورت خوبصورت نہیں ہوسکتی عورت کسی کام میں ماہر ہو نہ ہو لیکن اندھا اعتماد کرنے میں بے حد ماہر ہوتی ہے ایک عورت جو اپنے دل کو پھر سے محبت کیلئے کھول دے جب کہ اسکا دل ٹوٹ چکا ہو یقین جانو تم اس سے زیادہ بہادر عورت کہیں نہیں دیکھو گے حضرت محمدؐ نے فرمایا: یہ جان لو کہ یہ عورتیں اپنے شوہروں کے ہاتھوں خدا کی امانت ہیں اس لئے مرد حق نہیں رکھتا کہ انہیں کوئی ضرر یا نقصان پہنچائے اور ان کے حقوق کو پامال کرے اللہ پاک نے عورت میں ایک خاص گن رکھا ہے یہ محبت کو بھول جاتی ہے مگر دی گئی عزت کو نہیں عورت کے متعلق مشہور ہے کہ عورت کو راز نہیں رکھنا آتا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اگر عورت کو راز رکھنا نہ آتا کوئی مرد سر اٹھا کر نہ جی سکتا اللہ تعالیٰ نے عورت کو مرد کی پیشانی سے نہیں بنایا کہ وہ مرد پر حکمرانی کرے نہ اس کو پاؤں سے پیدا کیا کہ اسکی غلامی کرے بلکہ اسکی پسلیوں سے پیدا کیا کہ وہ اسکے دل کے قریب ہو عورت کو کبھی کمزور نہ سمجھو مرد کی اونچی آواز عورت کو ڈرا دھمکا سکتی ہے لیکن عورت کی خاموشی مرد کی بنیادوں تک کو ہلا سکتی ہے جب کوئی عورت یہ کہے اس دنیا کے بھی مرد برے اور بے وفا ہیں اسکا مطلب ہی نہیں کہ اس نے سارے مردوں کو آزما لیا ہے اسکا مطلب یہ ہے جس مرد کو اس نے آزمایا تھا وہ اسکی ساری دنیا تھا عورت کی شوخیاں شرارتیں من مانیاں اور غیر ذمہ داریاں ماں باپ کے گھر ہوتی ہیں سسرال میں عورت کی تربیت اور صبر کا امتحان ہوتا ہے عورت جب تک مرد سے دور رہتی ہے تب تک وہ مرد کیلئے سب سے زیادہ دلکش حسین اور نایاب چیز ہوتی ہے لیکن جس وقت عورت محبت کا اقرار کرلیتی ہے تو اسی وقت مرد کی نگاہوں میں عورت کی اہمیت اور دلکشی کم ہوجاتی ہے اور عورت کی نگاہوں میں مرد کی اہمیت بڑھ جاتی ہے کیونکہ عورت اقرار کرکے قید ہوجاتی ہے اور مرد اقرار سن کر آزاد ہوجاتا ہے وہ جھونپڑی جہاں عورت مسکراتی ہے اس عالیشان محل سے بہتر ہے جہاں عورت رہتی ہے عورت کو کمزور سمجھنے والے مرد یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ اس طاقتور مرد کو بھی عورت ہی پیدا کرتی ہے آسمان سے نہیں ٹپکا عورت کو کوئی کام نہیں تھکا پاتا رویے تھکا دیتے ہیں عزت عورت کو دیئے جانے والے تحفوں میں سب سے اہم تحفہ ہوتا ہے مگر اتنا قیمتی تحفہ دینا ہر مرد کے بس کی بات نہیں عورت کتنی بھی بہادر ہو کتنا بھی ضبط کرنا جانتی ہو مگر وہ ایک نگاہ ایسی ضرور چاہتی ہے جو دیکھتے ہی جان لے کہ آنکھیں تھکن سے لال ہیں یا ضبط سے عورت کی بدصورتی یہ ہے کہ ہر کوئی اسکی خوبصورتی کو دیکھے عورت کو محبت کم دو گے تو وہ سمجھوتا کرے گی لیکن عزت نہیں دو گے تو وہ اندر سے مرجائے گی پھر چاہئے لاکھ کوشش بھی کرلو وہ دل تک نہیں پہنچنے دے گی عورت جب بیٹی ہوتی ہے تو باپ کیلئے جنت کا دروازہ کھلواتی ہے بیوی بنتی ہے تو اپنے شوہر کا آدھا دین مکمل کرواتی ہے اور جب ماں کے درجے پر فائز ہوتی ہے تو جنت اسکے قدموں تلے رکھ دی جاتی ہے اس معاشرے میں عورت کا مرتبہ کیسے بلند ہوسکتا ہے جہاں مردوں کی لڑائی میں گالیاں ماں بہن کی دی جاتی ہیں۔

عثمان فانی کی منت

تحریر: عافیہ صفدر

کورونا وائرس جہاں پوری دنیا میں جانیں نگل رہا ہے وہی کمزور معیشت رکھنے والے ملک پاکستان میں بھی اب تک یہ وائرس 335 جانیں نگل چکا ہے۔ یہ وائرس انسانی جسم کو تو متاثر کرتا ہی ہے مگر اس وائرس کے خوف کے اثرات اب انسانی ذہن پر بھی مرتب کررہا ہے۔ ہر شخص اس وائرس سے چھٹکارا پانے کے لیے نماز، خیرات، منت غرض یہ کہ ہر طریقہ آزما رہا ہے۔ ایسے ہی ایک نامور شخصیت عثمان فانی صاحب (آپ پی ٹی وی میں اینکر، ماڈل اور ڈراموں میں اداکاری کے جوہر بھی دکھلا چکے ہیں)۔ آپ نے فیصلہ کیا کے کورونا وائرس کو ختم کرنے کے لیے وہ منت کے طور پر کوئٹہ سے کراچی پیدل سفر کرینگیں۔ اسی منت کے چلتے 22 اپریل رات ایک بجے انہوں نے اپنے سفر کا آغاز کیا اور اپنے ساتھ سفری بیگ میں چند ضرورت کی چیزوں کے ساتھ ایک چنے کا پیکٹ رکھا۔ انکا کہنا تھا کے چنے کے بس ایک پیکٹ نے انہیں بہت ایز جائز رکھا جو کہ ان کے سفر کا پہلا بڑا تجربہ تھا۔ سفر کے آغاز میں ہی انہوں نے عہد کیا کے وہ پہلے دن جتنا چل سکیں چلینگیں تاکہ اگلے دن ایز جی لو ہو بھی تو انکا سفر وقت پر ختم ہو۔ آپ سے جب سوال کیا گیا کے انہوں نے کہاں کہاں رک کے رات گزاری اس پر انہوں نے بتایا کے پہلی رات انہوں نیکھڈ کوچہ سے کچھ دور ایک گاوں کے قریب سنسان قبرستان میں گزاری۔ تین سے پانچ گھنٹے آرام کرنے کے بعد انہوں نے اپنے سفر کا آغاز پھر سے کیا۔ مختلف ڈھابوں پر رک کر افطار اور سحری کی۔ خضدار پہنچ کر انہوں نے اپنے لیے پانی کی ایک بوتل خریدی تاکہ روزہ رکھتے ہوے اور دوران روزہ پٹوگیلہ کرنے کے کام آئے۔ خضدار کے قریب ایک پکنک پوائنٹ پر رکنے کا فیصلہ جہاں دیر رات انکا سامنا ایک سانپ سے ہوا عثمان فانی کے مطابق یہ احساس کافی خوفناک تھا اس کے بعد انہوں نے سفر کا آغاز کرنے میں ہی عافیت جانی اور رات 30:2 بجے کے قریب اپنے سفر کا آغاز کردیا یونہی مختلف تجربات کا سامنا کرتے ہوئے بلآخر ان کا سفر اختتام کو پہنچا اور سفر کا اختتام نامور شخصیت ڈائریکٹر جناب عبداللہ بادنی کی طرف ہوا جہاں افطار سے سحری کا وقت گزرا۔ عثمان فانی سے جب سوال کیا کے لوگوں نے جب انکی منت کے حوالے سے سنا تو انکا اس بارے میں کیا کہنا تھا؟" تو انکا کہنا تھا جہاں ایک طرف لوگوں نے مجھے بہت سراہا وہی دوسری جانب کئی لوگوں نے تنقید کا بھی نشانہ بنایا مگر حقیقت یہی ہے کے میں صرف خود سے یہی کہا کے منت کے مطابق منزل تک پہنچنا ہے۔

باب بلوچستان (سندھ اور بلوچستان کا بارڈر)

دعا کی فضیلت

تحریر: مہک سہیل انجم

اور کہا تیرے رب نے، مجھے پکارو اور میں تمہاری دعا قبول کروں گا" انسان کے دل میں خواہشات کا پیدا ہونا ایک فطری امر ہے کوئی آرزو شکست آرزو تک کا سفر طے کرتی ہے تو کوئی اپنی ذات کے روبرو لے آتی ہے کوئی جگر کو لہو کرتی ہے اور کوئی دعا بن کر لبوں پر آجاتی ہے۔ یہ آرزو خالص اور شدید ہو تو دعا مانگتے وقت آنکھیں پرنم ہوجاتی ہیں اور اصل دعا اصل پکار یہی تو ہے کہ وجود کا ایک ایک ریشہ دست سوال بن کر اپنے داتا کے سامنے پیش کرے۔ اللہ کے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے جس کے لئے دعا کا دروازہ کھولا گیا اس کے لیے رحمت کے دروازے کھولے گئے دراصل دعا کے لئے ہاتھ اٹھانے کا مطلب یہی ہے کہ ہمیں اللہ کا مختار کل ہونے پر یقین ہے اس کی عطا وبخشش پر بھروسہ ہے اور اس کی رحمت سے امیدیں باندھ رکھیں ہے۔ البتہ اس یقین کے اظہار کا بھی ایک سلیقہ ضروری ہے دعا کا قرینہ بھی ہونا چاہیے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جب تم میں سے کوئی دعا مانگے تو اس طرح نہ کہے کہ اگر تو چاہے تو مجھے بخش دے چاہے تو مجھ پر رحم فرما بلکہ دعا میں پختہ ارادہ کرے شک کا کلمہ نہ کہے کیونکہ اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اس پر کوئی زبردستی کرنے والا نہیں ہے سلیقے سے دعا مانگنے کے بعد اگلا مرحلہ قبولیت کے انتظار کا ہے یہ بہت صبر آزما مرحلہ ہے جس میں بہت کم لوگ سرخرو ہوتے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے جو شخص اللہ سے سوال کرتا ہے تو اللہ اس کا سوال پورا کرتا ہے یا اس سے کسی ایسی برائی اور آفت کو روک دیتا ہے جو اس کے برابر ہو یا اس کی دعا کو آخرت کے لیے ذخیرہ کرلیتا ہے اس لیے جہاں تک ممکن ہو مایوسی کی بات نہیں کرنی چاہیے ناامیدی گویا اپنے اللہ کی قدرت پر شک کرنے اور اس کی رحمت پر بھروسہ نہ ہونے کے مترادف ہے دعا مانگتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہم جس سے مانگ رہے ہیں وہ بادشاہوں کا بادشاہ ہے سب کی مانگی ہوئی دعائیں قبول کرتا ہے تو وہ یقین ہماری دعاؤں کو بھی قبول کرے گا اے شانے کریمی مجھے مایوس نہ کرنا تقدیریں بدلتی ہے دعاوں کے اثر سے زندگی خوشیوں اور غموں سے عبارت ہے خوبصورت دنوں میں ہر چہرہ ہر موسم اور ہر لمحہ حسین اور دلکش دکھائی دیتا ھے کے اچانک غموں کی سیاہی سے حلات بدلتے ہیں اور خوشیوں کا رنگ پھیکا پڑنے لگتا ہے تکلیف ومسائل یکے بعد دیگرے دل و دماغ کے وسیع آنگن میں ڈیرے جمانے لگتے ہیں ایسے میں انسان بالکل اکیلا ہو جاتا ہے اپنی خالی جھولی کو اس رب کے آگے پھیلاتا ہے اور پھر رب جھولی کو خوشیوں سے بھر دیتا ہے یاد رہے کہ ایسے وقت میں صرف اللہ کی ذات حوصلہ اور ہمت دیتی ہے یہ حقیقت تلخ بہت ہے کہ آج کے دور میں مشکل کے وقت بہت کم لوگ ہی ایک دوسرے کا ساتھ نبھاتے ہیں مجبوری اور مصیبت کے عالم میں صرف اللہ تعالیٰ انسان کی تکلیف دور فرماتا ہے اور جب انسان انتہائی مشکل اور سنگین حالات میں اللہ کی بارگاہ میں جھکتا ہے تو اللہ کو اپنے بندے پر بہت پیار آتا ہے اور وہ فوراً اس کو نوازتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ تیزی سے امڈتے ہوئے اس دور میں بہت مشکل سے کوئی کسی کو خوشی کے لمحات دیتا ہے لیکن اگر ایک دوسرے کو دل سے دعا دینا سیکھ جائیں تو شاید ہماری مانگی ہوئی دعائیں بھی قبول ہوجائیں کیونکہ دعا سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے دل سے دی جانے والی دعا ہی تو ہے جو تقدیر بدل دیتی ہے دعا دیجیے دعا لیجئے کیونکہ اس سے بڑھ کر دنیا میں اور کوئی مہنگا تحفہ نہیں ہے جو ہم کسی کو دے سکتے ہیں اور بے شک اللہ کی ذات نعمتوں سے واقف ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بلوچستان میں بے روزگاری کا آسیب



fareedqta1963@gmail.com

تحریر: شیخ فرید

بلوچستان میں شدید بیروزگاری اور صوبہ میں مختلف محکموں میں چالیس ہزار خالی آسامیوں پر جوانوں کی تعیناتیاں نہ کرنا ظلم کے مترادف ہے ہمارے غریب صوبے میں بے روزگاری نے اپنے پنجے گاڑھ لیے ہیں۔ بیروزگاری کے آسیب میں جکڑے ہزاروں جوان مایوس ہوکر جرائم اور منشیات کی جانب راغب ہورہے ہیں۔ ہزاروں جوان age-over ہورہے ہیں۔ چالیس ہزار خالی آسامیوں پر فوری طور صوبہ کے بیروزگار جوانوں کو تعینات کرنا کوئی احسان نہیں بلکہ جوانوں کا بنیادی حق ہے۔

بار بار حکومت ان آسامیوں کیلئے اشتہارات دیکر واپس ناگزیر وجوہات کی بنا پر کینسل کرتے ہیں جو جوانوں کیساتھ سنگین مذاق ھے۔ یہ ناگزیر وجوہات بیان نہیں کیے جاتے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت بیروزگار جوانوں کو اندھیرے میں رکھ کر دھوکہ دے رہی ہیں۔ ہم حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈرامہ بازی بند کرکے ہنگامی بنیادوں پر صاف شفاف ٹیسٹ انٹرویوز کے ذریعے ان چالیس ہزار سے زائد خالی آسامیوں پر تعیناتیاں عمل میں لائی جائے تاکہ مزید بیروزگار جوان اذیت سے دوچار نہ ہو جائے۔ خبر ہے کہ گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی جعلی ڈومیسائل پر وفاقی محکموں میں بھرتی کے معاملے پر بیروز اول سے وفاقی کوٹہ پر بلوچستان کے مقامی افراد کو تعینی یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں، گورنر امان اللہ یاسین زئی نے تمام اضلاع میں مزید جعلی ڈومیسائل کے اجرا کے مسئلے کو نہایت سنجیدگی سے لیا ہے، گورنر بلوچستان نکا کہنا ہے کہ کافی عرصہ پہلے جعلی ڈومیسائل پر بھرتی غیر مقامی افراد کا ڈیٹا منگوایا گیا، گورنر بلوچستان نے مزید کہا کہ جعلی ڈومیسائلز کی ازسرنو تصدیق کا آغاز اچھی پیشرفت ہے، وفاقی محکموں میں صوبے کے ہی لوگوں کی تعیناتی سے بلوچستان میں بیروزگاری پر کافی حد تک قابو پایا جاسکتا ہے، گورنر بلوچستان کا یہ بھی کہنا ہے کہ صوبے کے عوام کو آئینی حق دلوانے پر مختلف سیاسی تنظیموں کی کاوشیں خراج تحسین کی مستحق ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے ٹویٹ میں کہا ہے کہ جعلی ڈومیسائل پر بلوچستان کے کوٹے پر وفاقی اداروں میں ملازمت کرنے والوں کے ڈومیسائل منسوخ کرینگے۔

موجودہ صوبائی حکومت کا جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کا فیصلہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے۔ اس سے پہلے کسی بھی حکومت نے اس مسئلہ کو سنجیدگی سے نہیں لیا۔

تمام ڈپٹی کمشنروں کو جاری ڈومیسائل کی سیکروٹنی کی ہدایت جاری کی گئی ہے خبر یہ بھی ہے کہ ڈپٹی کمشنر مستونگ نے 400 جعلی ڈومیسائل منسوخ کی۔ دوسری اہم۔ خبر یہ ہے کہ محکمہ جنگلات بلوچستان میں مندرجہ ذیل 400 سے زائد آسامیوں کے درخواستیں بلوچستان کے لوکل سے مطلوب ہیں، درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2020 ہے خ رہے کہ بلوچستان میں دوسرے صوبوں کے لوگوں 22766 سے زائد جعلی ڈومیسائل جاری کرنے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے انھیں کینسل کرنے تک جدوجہد کرنے کا عزم دہرایا گیا ہے خبر تو یہ بھی ہے کہ بلوچستان تبدیلی کی طرف چل پڑا ہے بلوچستان کا کوٹہ لینے کیلئے استعمال کردہ جعلی ڈومیسائل منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔

استعمال کردہ جعلی ڈومیسائل منسوخ کرنے کا اعلان، اطلاعات کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کوٹے پر وفاقی اداروں میں ملازمت کرنے والوں کے جعلی ڈومیسائل منسوخ کرنے کا اعلان کردیا۔

اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ڈومیسائلوں کی اسکروٹنی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کیکوٹہ پر وفاقی اداروں میں ملازمت کرنیوالوں کے جعلی ڈومیسائل منسوخ کریں گے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ حکومت کا جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کا فیصلہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے کیوں کہ اس سے پہلے کسی بھی حکومت نے جعلی ڈومیسائل کیمسئلہ کو سنجیدگی سے نہیں لیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر مستونگ نے تو 400 جعلی ڈومیسائل منسوخ بھی کردیے ہیں۔ دوسری جانب جعلی ڈومیسائل کی منسوخی کے حوالے سے گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی کا بھی کہنا تھا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں جعلی ڈومیسائل کے اجرا کو روکنے کے مسئلے کو سنجیدہ لیا ہے کیوں کہ وفاق میں بلوچستان کے کوٹہ پر مقامی افراد کی تعیناتی کو یقینی بنانیکی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆☆

درخشندہ قبائلی روایات کا امین حاجی فیض محمد لالا



Ilyaskakar30@gmail.com

تحریر: محمد الیاس کاکڑ

بلاشبہ یہ دنیا فانی ہے اور اس میں رہنے والی ہر شے نے آخر کار ابدی نیند سو جانا ہے، عمر کے اس مختصر دورانیہ میں ہم نے بہت سے لوگوں کو اس دنیا سے کوچ کرتے دیکھا جن کے انتقال پر یقیناً دل غمزدہ ہوا اور ان کے لئے خیر اور مغفرت کی دعاوں کے لئے ہاتھ فضا میں بلند کئے۔ قبرستان ایسے بے شمار انسانوں سے بھرے پڑے ہیں جن کو اپنی آنکھوں کے سامنے دفن ہوتے دیکھا۔ مگر کچھ ہستیاں اپنی عظمت، سخاوت بہادری اور کردار کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھی جاتی ہیں، انکی زندگی آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ہوتی ہے اور انکی رحلت ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کیا جاتا ہے، جنکے وصال کا کئی دن، کئی مہینوں تک یقین تک کرنا مشکل ہوجاتا ہیا۔

ایسا ہی ایک نام جناب حاجی فیض محمد لالا کا بھی ہے۔ ان کا تعلق ضلع پشین کی تحصیل کاریزات کے ایک گاوں کلی خوشاب سیتھا۔ انکی زندگی مثل چراغ ہے، امید کی کرن ہے۔ انکی شخصیت نہ صرف اپنے گاوں بلکہ پورے ضلع پشین اور آس پاس کے اضلاع میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے۔ وہ ایک بے باک، نڈر، زبان کے پکے اور دوٹوک موقف رکھنے والے رہنما تھے۔

انہوں نے ہمیشہ سے اپنے علاقے کے غریب عوام کے لئے جدوجہد سے بھرپور زندگی گزاری، وہ سیاست کے ذریعے خدمت پر یقین رکھتے تھے، وہ ایک سیاسی بصیرت رکھنے والی شخصیت تھے انہوں نے اپنی زندگی کا کثیر حصہ جمعیت علماء اسلام کے جھنڈے تلے گزارا انکی بھرپور کوشش ہوتی تھی کہ علاقے میں فلاح وبہبود اور رفاہ عامہ کے اجتماعی کام کروائے جائیں اور اس یقین کے ساتھ انہوں نے ہمیشہ اس مقصد میں کامیابی بھی حاصل کی۔

حاجی صاحب علاقے کی امن کے لئ

WHO says reviewing NYT article on concerns over airborne spread of Covid-19

The World Health Organisation (WHO) is reviewing a report that suggested its advice on the novel coronavirus needs updating, after some scientists told the New York Times there was evidence the virus could be spread by tiny particles in the air.

The WHO says the Covid-19 disease spreads primarily through small droplets, which are expelled from the nose and mouth when an infected person breaths them out in coughs, sneezes, speech or laughter and quickly sink to the ground.

In an open letter to the Geneva-based agency, 239 scientists in 32 countries outlined the evidence they say shows that smaller exhaled particles can infect people who inhale them, the newspaper said on Saturday.

